عزیزی اہلِ خانہ:

ہم آپ کو اس خزاں میں پیلی بس کی خدمات میں ممکنہ خلل واقع ہونے سے مطلع کرنے کے لیے تحریر کر رہے ہیں۔ یہ ہوسکتا ہے آپکے بچے کی اسکول کے لیے نقل و حمل کی خدمات پر اثر انداز ہو اگر آپکا بچہ اسکول جانے کے لیے پیلی بس خدمات استعمال کرتا ہے۔ ایک ہڑتال ہونے کی صورت میں، ہماری اولین ترجیح یہی ہوگی کہ ہر طالب علم، خاص طور پر ہمارے زیادہ اثرپذیر (طلبا)، اپنے اسکولوں میں بغیر کسی خلل کے شرکت جاری رکھیں۔

یہ ممکنہ ہڑتال ہمارے اسکول کو پیلی بس خدمات فراہم کرنے والی بس کمپنیوں اور بس ڈرائیوروں اور معاونین کی نمائندگی کرنے والی یونین کے مابین ایک لیبر جھگڑے کی وجہ سے ہے، اور ہمارے نصف بس روٹس کو متاثر کرسکتی ہے۔ این وائی سی پبلک اسکولز اور مئیر کا دفتر صورتحال کی قریب سے نگرانی کررہے ہیں اور ہمارے تمام شہر میں شراکت دارین کے ساتھ ایک حل نکالنے میں مدد کے لیے کام کررہے ہیں، اس ہدف کے ساتھ کہ اس ہڑتال سے ہمارے طلبا اور خاندانوں پر ہونے والے اثر سے بچا جاسکے۔ تاہم، چونکہ ایسی ہڑتال کا امکان ہے، ہم چاہتے ہیں کہ آپ آگاہ اور باعلم رہیں۔ براہِ کرم ذیل کی معلومات کا جائزہ لیں اور ہماری ویب سائٹ — schools.nyc.gov/transportation — پر جانا جاری رکھِیں یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ جدید ترین معلومات اور دستیاب وسائل سے باخبر ہیں۔

- **این وائی سی پبلک اسکولز آن لائن وسائل:** اہل خانہ کے لیے بس کی خدمات میں خلل کی صورت میں ذرائع ہماری schools.nyc.gov/transportation پر دستیاب ہیں۔ یہاں آپ کو ہنگامی صورتحال میں میٹرو کارڈز، طلبا اور اہل خانہ کے لیے نقل وحمل کے متبادلات، آپکے بچے کی حاضری کا طریقہ کار اور بس کی مکمل خدمات بحال ہونے تک دیگر معاونت کے بارے میں معلومات ملیں گی۔ برائے مہربانی اس صفحے پر اکثر جائیں کیونکہ ہم اسکی جدید معلومات کے ساتھ تجدید کرتے رہیں گے۔
- سوشل میڈیا پر تازہ ترین معلومات: ہم اپنے سوشل میڈیا اکاونٹس کے ذریعے بھی جدید معلومات کا اشتراک کریں گے (,Twitter, Facebook اور Instagram پر @NYCSchools)
- **اضافی معلومات:** آپ ہمارے نقل و حمل خدمات کال سینٹر کو بھی 718-392-8855 پر کال کرسکتے ہیں، ہمیں transportation@schools.nyc.gov پر ای میل کریں، یا کسی بھی وقت معلومات اور پیلی بس سروس کے بارے میں جدید ترین معلومات کے لیے 311 کو کال کریں۔
- **ایک ہڑتال ہونے کی صورت میں اطلاعات:** اگر ایک ہڑتال ہوجاتی ہے اور آپکا بچہ متاثر ہوتا ہے، آپ ہماری جانب سے ایک خودکار کال، ای میل، اور ٹیکسٹ پیغام موصول کریں گے، اور ساتھ ہی خلل انداز بس خدمات کی پہلی صبح اطلاعات کا دوسرا سیٹ۔ اطلاعات ہمیں اسکول کے ذریعے فراہم کردہ رابطے کی معلومات پر جائیں گی، اسلئے یہ یقینی بنانا اہم ہے کہ آپکے اسکول کے پاس اور آپکے NYC Schools Account پر آپکی رابطہ معلومات جدید ہیں (schools.nyc.gov/NYCSA پر مزید جانیں)۔ ایک بار بس کی خدمات دوبارہ شروع ہونے پر، آپکو اس تجدید سے مطلع کرنے کے لیے خودکار اطلاعات دوبارہ موصول ہونگی۔
- **ایک ہڑتال ہونے کی صورت میں متبادل نقل و حمل خدمات:** این وائی سی پبلک اسکولز متاثرہ خاندانوں کے لیے متبادل نقل و حمل خدمات کا انتظام کرنے کے لیے برسرِ پیکار ہے۔ ہڑتال سے متاثر ہونے والے تمام خاندانوں کے پاس طالب علم اور نگہداشت فراہم کنندہ کے لیے ایک ہنگامی میٹرو کارڈ کا انتخاب ہوگا۔ اسکے علاوہ، نیویارک شہر پبلک اسکولز معذوری کے حامل طلبا کو جنکے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا 504 سہولیات منصوبہ (504) پر

نقل و حمل خدمات تجویز کی گئی ہیں؛ عارضی رہائش گاہوں میں یا فوسٹر کئیر میں رہنے والے طلبا جو پیلی بس خدمات موصول کرتے ہیں؛ اور وہ طلبا جنکے پاس ایک منظور شدہ نقل و حمل استثنأ ہے، جیسا کہ ہمارے نقل وحمل اہلیت سے استثنا ویب صفحہ (schools.nyc.gov/transportationexceptions) پر واضح کیا گیا ہے، ایک پیش ادا شدہ رائڈ شئیر فراہم کرے گا اور بازادائیگی پیش کرے گا۔ ہم آنے والے دنوں میں مزید معلومات فراہم کریں گے۔ ایک ہڑتال ہونے کی صورت میں، آپکے اسکول کا نقل و حمل خدمات رابطہ کار آپکے ساتھ آپکے بچے کی ضروریات کا جائزہ لینے کے لیے کام کرے گا تاکہ آپکا خاندان خدمات کی فراہمی میں خلل اندازی کے دوران اسکول آنے جانے کے لیے ممکنہ بہترین انتظامات کرسکے۔

ہم جانتے ہیں کہ ہمارے کتنے طلبا اور خاندان پیلی بس خدمات پر انحصار کرتے ہیں اور ایک خلل اندازی کا محض امکان ہی تشویش اور پریشانی پیدا کرسکتا ہے، اسی وجہ سے ہم اپنے خاندانوں کے ساتھ ممکنہ حد تک واضح ہونا چاہتے ہیں۔ ہم جتنا ممکن ہوگا اتنی اطلاعات اور معلومات فراہم کرنا جاری رکھیں گے۔ تمام فریقین ایک حل کی جانب تندہی سے کام کررہے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ یہ منصوبے ضروری نہیں ہونگے۔

ہم آپکی اور ہمارے تمام خاندانوں کی ہر ممکنہ طریقے سے معاونت کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں۔

بخلوص،

Emma Vadehra
اعلیٰ منتظم افسر
این وائی سی پبلک اسکولز